روزنامہ
ٹیلی فون نمبر: 213029
C.P.L 29
الفضل
ایڈیٹر: عبدالسمیع خان
Web:http://www.alfazal.com
Email:editor@alfazal.com

پیر 31 جنوری 2005ء 20 ذوالحج 1425 ہجری 31 صلح 1384 ہش جلد 55-90 نمبر 23

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

تم لوگوں نے اس وقت جو بیعت کی ہے اس کا زبان سے کہہ دینا اور اقرار کر لینا تو بہت ہی آسان ہے مگر اس اقرار بیعت کا نبھانا اور اس پر عمل کرنا بہت ہی مشکل ہے کیونکہ نفس اور شیطان انسان کو دین سے لاپرواہ بنانے کی کوشش کرتے ہیں اور یہ دنیا اور اس کے فوائد کو آسان اور قریب دکھاتے ہیں لیکن قیامت کے معاملہ کو دور دکھاتے ہیں جس سے انسان سخت دل ہو جاتا ہے اور پچھلا حال پہلے سے بدتر بن جاتا ہے۔ اس لئے یہ بہت ہی ضروری امر ہے کہ اگر خداتعالیٰ کو راضی کرنا ہے تو جہاں تک کوشش ہو سکے ساری ہمت اور توجہ سے اس اقرار کو نبھانا چاہئے اور گناہوں سے بچنے کے لئے کوشش کرتے رہو۔

گناہ کیا چیز ہے۔ اللہ تعالیٰ کی خلاف مرضی کرنا اور ان ہدایتوں کو جو اس نے اپنے پیغمبروں خصوصاً آنحضرت ﷺ کی معرفت دی ہیں توڑنا اور دلیری سے ان ہدایتوں کی مخالفت کرنا یہ گناہ ہے جبکہ ایک بندہ کو خداتعالیٰ کی ہدایتوں کا علم دیا جاوے اور اس کو سمجھا دیا جاوے۔ پھر اگر وہ ان ہدایتوں کو توڑتا اور شوخی اور شرارت سے گناہ کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ بہت ناراض ہوتا ہے اور اس ناراضگی کا یہی نتیجہ نہیں ہوتا کہ وہ مرنے کے بعد دوزخ میں پڑے گا بلکہ اسی دنیا میں بھی اس کو طرح طرح کے عذاب آتے اور ذلت اٹھانی پڑتی ہے۔

دنیاوی حکام کا بھی یہی حال ہے کہ وہ ایک قانون مشتہر کر دیتے ہیں اور پھر اگر کوئی ان کے احکام کو توڑتا اور خلاف ورزی کرتا ہے تو پکڑا جاتا اور سزا پاتا ہے لیکن دنیوی حکام کے عذاب سے اور ان کے قوانین واحکام کی خلاف ورزی کی سزا سے آدمی کسی دوسری عملداری میں بھاگ جانے سے بچ بھی سکتا ہے اور اس طرح پیچھا چھڑا سکتا ہے۔ مثلاً اگر انگریزی عملداری میں کوئی خلاف ورزی کی ہے تو وہ فرانس یا کابل کی عملداری میں بھاگ جانے سے بچ سکتا ہے لیکن خداتعالیٰ کے احکام وہدایات کی خلاف ورزی کر کے انسان کہاں بھاگ سکتا ہے؟ کیونکہ یہ زمین وآسمان جو نظر آتا ہے یہ تو اسی کا ہے اور کوئی اور زمین وآسمان کسی اور کا کہیں نہیں ہے۔ جہاں تم کو پناہ مل جاوے اس واسطے یہ بہت ضروری امر ہے کہ انسان ہمیشہ خداتعالیٰ سے ڈرتا رہے اور اس کی ہدایتوں کے توڑنے یا گناہ کرنے پر دلیر نہ ہو کیونکہ گناہ بہت بری شئے ہے اور جب انسان اللہ تعالیٰ سے نہیں ڈرتا اور گناہ پر دلیری کرتا ہے تو پھر عادت اللہ اس طرح پر جاری ہے کہ اس جرأت ودلیری پر خداتعالیٰ کا غضب آتا ہے اس دنیا میں بھی اور آخرت میں بھی۔ (ملفوظات جلد سوم ص 606)

ہر گناہ کی جڑ

حضرت عبداللہ بن مسعودؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا:۔

تین باتیں ہر گناہ کی جڑ ہیں۔ ان سے بچنا چاہئے وہ یہ ہیں:
تکبر، حرص اور حسد۔

(رسالہ تشیریہ باب الحسد)

قرب الٰہی پانے کا ذریعہ

بیوت الحمد منصوبہ

قرآن کریم اور احادیث میں بیواؤں، غرباء اور بے سہارا لوگوں کی ضروریات زندگی کو پورا کرنے اور بہتر سہولتیں مہیا کرنے کو خداتعالیٰ کے پیار حاصل کرنے کا ذریعہ قرار دیا ہے۔ بیوت الحمد منصوبہ اس عظیم مقصد کے پانے کا بہترین زینہ ہے۔ اس منصوبہ کے تحت بیوگان اور مستحقین کو حسب ضرورت رہائش کی سہولت فراہم کی جاتی ہے۔ ہر قسم کی سہولیات سے آراستہ بیوت الحمد کالونی میں 100 کوارٹرز تعمیر ہو چکے ہیں۔ اسی طرح ساڑھے پانچ صد سے زائد احباب کو ان کے اپنے اپنے گھروں میں حسب ضرورت جزوی توسیع کیلئے لاکھوں روپے کی امداد دی جا چکی ہے اور امداد کا یہ سلسلہ جاری ہے۔ احباب کرام کی خدمت میں درخواست ہے کہ ضرورت مندوں کا حلقہ وسیع ہونے کے باعث اس بابرکت تحریک میں زیادہ سے زیادہ مالی قربانی پیش فرمائیں۔ ایک مکان کے پورے اخراجات سے لے کر حسب استطاعت آپ جو بھی مالی قربانی پیش فرمائیں مقامی جماعت کے نظام کے تحت یا براہ راست مد بیوت الحمد خزانہ صدر انجمن احمدیہ میں ارسال فرما کر عنداللہ ماجور ہوں۔

(صدر بیوت الحمد منصوبہ)

پبلک ریلیشن آفیسر کی ضرورت

ایسے خواتین و حضرات جو ہسپتال میں مریضوں ان کے تیمارداروں اور دیگر پبلک ڈیلنگ کے کاموں میں دلچسپی رکھتے ہوں وہ اپنی درخواستیں صدر صاحب محلہ/امیر صاحب جماعت کی تصدیق کے ساتھ انتظامیہ فضل عمر ہسپتال کو بھجوائیں۔

امیدوار کے لئے کم از کم تعلیمی قابلیت بی اے ہے۔ انگریزی/اردو لکھنے بولنے اور پڑھنے میں مہارت رکھتا ہو۔ تنخواہ حسب قابلیت دی جائے گی۔

(ایڈمنسٹریٹر فضل عمر ہسپتال ربوہ)

محترم مولانا دوست محمد صاحب شاہد مورخ احمدیت

عالم روحانی کے لعل و جواہر نمبر 328

عشاق مسیح موعود کا والہانہ جوش خدمت

حضرت میر سید مہدی حسین صاحب کے قلم سے ہجرت قادیان اور دارالامان کی پاکیزہ فضا میں مجنونانہ خدمت کے دور کا نقشہ زیب قرطاس ہے۔

جس سے حضرت مسیح موعود کے درج ذیل فارسی کلام کی شاندار عملی تعبیر بھی نمایاں ہوتی ہے۔

مرا مقصود و مطلوب و تمنا خدمت خلق است
ہمیں کارم ہمیں بارم ہمیں رسمم ہمیں راہم

حضرت شاہ صاحب نے الحکم 28/ اکتوبر 1936ء صفحہ 4 پر تحریر فرمایا:۔

''قادیان میں آنے کے بعد میں نے اپنے لئے کوئی کام سوچا۔ اخبار الحکم اور بدر میں تلاش کی۔ مگر یہ اس وقت مالی مشکلات میں تھے۔ حکیم فضل دین صاحب مرحوم بھیروی نے مجھے پریس مین بننے کی ترغیب دی کہ اس کی یہاں بہت ضرورت ہے لیکن میں نے سوچا کہ قادیان میں رہ کر بھی اگر حضرت اقدس سے دور رہے تو فائدہ کچھ نہ ہوگا اس لئے حضرت میر صاحب (ناصر نواب) قبلہ سے عرض کی کہ حضرت اقدس کی خدمت کسی طرح مل جائے انہوں نے فرمایا۔ تنخواہ کوئی نہ ملے گی میں نے کہا۔ **مجھے تنخواہ کی ضرورت نہیں**۔ خدمت کرنی چاہتا ہوں۔

حضرت موصوف نے ایک بلٹی بٹالہ سے لانے کے لئے حضور اقدس سے مجھے لا کر دی اور دو آنے خوراک کے لئے حضور نے خود ساتھ دیئے۔ جمعہ کا دن تھا۔ صبح میں روانہ ہوا اور ساڑھے چھ بجے کے بعد بلٹی لے کر واپس ہوا۔ راستہ میں میرا دل خوشی سے بھرا ہوا تھا۔ کہ حضرت اقدس کی خدمت بجا لا رہا ہوں۔ میں نے اپنے پاؤں کو ریل کا پہیہ سمجھ کر خوب چکر دیا اور بلٹی لا کر میر صاحب کی خدمت میں حاضر کی تو میر صاحب نے فرمایا کہ کیا یکہ پر آئے ہو۔ میں نے عرض کی کہ میرے پاس تو یہ دونی تھی۔ یہ حضرت اقدس کی خدمت میں پیش کر دیں اور میں نے یہ خدمت محض للہ کی ہے میر صاحب نے فرمایا۔ یہ تم کھا لینا۔ میں نے کہا کہ مجھے ضرورت نہیں میں روٹی لنگر سے کھا لوں گا حضرت اقدس کو میرا جلدی آنا پسند آیا اور آئندہ خدمت ملنے کا وعدہ فرمایا۔ میں نے ایک نظم کے ذریعہ بھی خدمت ملنے کی درخواست کی تھی جس پر مجھے امرتسر سے برف لانے کی خدمت ملتی رہی۔

ایک روز حضور نے مجھے در دولت پر بلوا کر اس طرح فرمایا۔ ''میاں مہدی حسین ہم نے آپ کو برف لانے کے لئے بھیجا آپ برف لائے اور ہم نے گھر میں اور مولوی عبدالکریم صاحب نے بھی پی تم کو ثواب ہوا۔ دوبارہ پھر ہم نے بھیجا اور تم لائے۔ سب نے پی۔ تیسری بار تم پھر لائے اب چوتھی بار ہمارا ارادہ تھا کہ کسی اور کو بھیجیں مولوی حافظ غلام محی الدین صاحب کا نام لیا (اس وقت حضرت اقدس کا چہرہ نہایت بشاش تھا میں نے عرض کی کہ حضور چارپائی پر (جو پاس پڑی تھی) تشریف رکھیں۔ حضور تلطف سے بیٹھ گئے اور میں پاؤں دبانے لگ گیا۔) مگر ہم نے چاہا کہ یہ خدمت بھی ہم آپ کو ہی دیں'' میں نے عرض کی حضور میری تو یہی تنخواہ اور یہی غذا ہے کہ حضور خدمت فرماویں حضور نے فرمایا کہ ''میں اب لوئی لا دیتا ہوں اور آپ برف لینے چلے جائیں'' یہ معاملہ میرے لئے نہایت خوشکن تھا۔

مجھے لاہور امرتسر جانے کی خدمت ملتی رہی باقی بیکار وقت کے لئے میں نے کوئی کام کی فکر کی۔ میر صاحب قبلہ مرحوم نے ایک روز حضرت اقدس سے خود ہی عرض کی کہ ان کو یعنی مجھے کپڑا دھونے کے لئے صابون۔ حجامت اور جوتی کی مرمت کے لئے کچھ کسی قدر تنخواہ ماہوار ملنی چاہئے۔ حضور نے فرمایا میرے پاس گنجائش نہیں ایک روپیہ اس وقت لے لو۔ میر صاحب روپیہ لے کر میرے گھر پر پہنچے۔ تو میں نے عرض کی کہ حضور کو آپ یہ تکلیف نہ دیں۔ میں تنخواہ خدا تعالیٰ سے لے لوں گا۔

اس کے بعد میں نے ضروریات کے لئے خدا تعالیٰ کی جناب میں عرض کی تو رات کو دیکھا میں میانمیر مشرقی جنوبی ریلوے کی سڑک پر جو اونچی ہے بیٹھا ہوں اور کوئی میرے سر کی طرف سے مجھے کہتا ہے۔ ''مانگ کیا مانگتا ہے'' میں نے کہا مجھے صرف قادیان میں رہنے کے لئے سات آٹھ روپیہ ماہوار کی ضرورت ہے زیادہ کی نہیں تو اس نے کہا ارے خدا سے بھی مانگا تو آٹھ روپے مانگے جا تجھ کو آٹھ روپے دے دئے۔ میں نے جواباً کہا مجھے قاضی عبداللہ کی طرح ساٹھ ستر کی ضرورت نہیں۔ میں مالدار نہیں بننا چاہتا (قاضی عبداللہ صاحب کے والد ماجد نے مجھے یہ فقرہ کہا تھا کہ میں چاہتا ہوں۔ میرا بچہ ساٹھ ستر روپے کی نوکری کر سکے اس لئے پڑھاتا ہوں) صبح کو میں قاضی ضیاء الدین صاحب مرحوم والد قاضی عبداللہ کے پاس اسی مناسبت سے گیا کہ میں کچھ کام خالی وقت میں کرنا چاہتا ہوں انہوں نے مجھے سوڈا واٹر کا کام کرنے کی ترغیب دی اور روپیہ بھی مہیا کرنے کو کہا اور ساتھ قاضی عبدالرحیم صاحب بڑے بیٹے کی شرکت بھی تجویز کی پھر کہا گزشتہ سال جس شخص نے یہ کام کیا تھا اس سے

باقی صفحہ 11 پر

اطلاعات و اعلانات

نوٹ: اعلانات صدر/امیر صاحب حلقہ کی تصدیق کے ساتھ آنا ضروری ہیں۔

نکاح

مکرم حافظ جواد احمد صاحب مربی سلسلہ تحریر کرتے ہیں کہ ان کے چھوٹے بھائی مکرم فواد احمد خرم صاحب ابن مکرم شیخ سجاد احمد خالد مربی سلسلہ کا نکاح مورخہ 19 جنوری 2005ء کو ہمراہ مکرمہ قرۃ العین صاحبہ بنت مکرم افضال احمد صاحب ناصر (حال جرمنی OSNA Bruck) ابن مکرم مولوی غلام حیدر صاحب آف بدوملہی محترم مولانا سلطان محمود صاحب انور ناظر خدمت درویشاں نے مبلغ 5 ہزار یورو پر پڑھا۔ مکرم فواد احمد صاحب خرم گجرات کے تاجر کتب شیخ عبدالعزیز صاحب مرحوم کے پوتے اور منشی رحیم بخش رفیق حضرت مسیح موعود کی نسل سے ہیں۔ اور مکرمہ قرۃ العین صاحبہ حضرت شیخ مسعود الرحمٰن صاحب رفیق حضرت مسیح موعود کی نواسی ہے۔ احباب جماعت سے درخواست ہے کہ دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ یہ رشتہ دونوں خاندانوں کیلئے ہر لحاظ سے خیر و برکت کا موجب اور مثمر بثمرات حسنہ بنائے۔ آمین

محفل مشاعرہ مجلس نابینا ربوہ

مجلس نابینا ربوہ کے زیر اہتمام مورخہ 24 جنوری 2005ء کو بعد نماز عصر مجلس انصاراللہ مقامی کے ہال میں عید اور نئے سال کی مناسبت سے ایک محفل مشاعرہ منعقد ہوئی۔ اس محفل کے مہمان خصوصی مکرم ملک خالد مسعود صاحب ناظر امور عامہ و سرپرست اعلیٰ مجلس نابینا تھے۔ جبکہ صدارت کے فرائض مکرم ضیاء اللہ مبشر صاحب نائب ناظر امور عامہ نے ادا کئے۔ کارروائی تلاوت قرآن کریم سے شروع ہوئی جو مکرم حافظ محمد ابراہیم صاحب عابد جنرل سیکرٹری مجلس نے کی۔ بعدہ مکرم پروفیسر خلیل احمد صاحب صدر مجلس نابینا نے حضرت مصلح موعود کا خوبصورت کلام پیش کیا۔ سٹیج سیکرٹری مکرم لئیق احمد صاحب عابد نے صدر محفل کی اجازت سے اپنی نظم سے محفل مشاعرہ کا آغاز کیا جن کے بعد مجلس کے پانچ ممبران شاعر مکرم حفیظ احمد جچہ، مکرم حافظ محمود احمد ناصر، مکرم عبدالحمید خلیق، مکرم عارف حیات اور مکرم داؤد احمد کے علاوہ مقامی شعراء مکرم چوہدری افتخار نسیم صاحب مکرم ڈاکٹر حنیف قمر صاحب مکرم رضوان آصف صاحب مکرم نورالجمیل صاحب نے کلام پیش کیا۔ آخر میں مکرم صدر مشاعرہ نے اپنا کلام پیش کیا اور محترم حافظ محمد ابراہیم صاحب جنرل سیکرٹری مجلس نے احباب کا شکریہ ادا کیا اور مکرم مہمان خصوصی صاحب نے اختتامی کلمات کے بعد دعا کروائی اور حاضرین میں ریفرشمنٹ پیش کی گئی۔

نکاح و تقریب شادی

مکرم محمد یار انور لنگاہ صاحب آف ادرحماں ضلع سرگودھا لکھتے ہیں۔ میرے بیٹے مکرم طارق احمد طاہر صاحب مربی سلسلہ کے نکاح کا اعلان مکرم راجہ نصیر احمد صاحب ناظر اصلاح وارشاد مرکزیہ نے مورخہ 5 دسمبر 2004ء کو ہمراہ مکرمہ شگفتہ خانم صاحبہ بنت مکرم چوہدری احمد حیات صاحب مرحوم آف دارالیمن غربی ربوہ مبلغ پچیس ہزار روپے حق مہر پر بیت مبارک ربوہ میں کیا۔ تقریب رخصتانہ مورخہ 8 جنوری 2005ء کو دارالیمن غربی ربوہ میں منعقد ہوئی جہاں مکرم سید طاہر محمود ماجد صاحب مربی سلسلہ نے دعا کروائی۔ مورخہ 9 جنوری 2005ء کو دعوت ولیمہ کا اہتمام ادرحماں ضلع سرگودھا میں کیا گیا۔ اس موقع پر مکرم ماسٹر محمد نذیر صاحب صدر جماعت احمدیہ ادرحماں نے دعا کروائی۔ مکرمہ شگفتہ خانم صاحبہ حضرت محمد اسماعیل رفیق حضرت مسیح موعود آف بیداد پور ورکاں ضلع شیخوپورہ کی نسل سے ہیں۔ احباب کرام سے دعا کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ یہ رشتہ ہر دو خاندانوں کیلئے بہت ہی بابرکت اور مثمر بثمرات حسنہ بنائے۔ آمین

لیبارٹری ٹیکنیشن کی ضرورت

فضل عمر ہسپتال ربوہ میں لیبارٹری ٹیکنیشن کی آسامی خالی ہے درخواست دہندہ کا میڈیکل فیکلٹی کا کوالیفائیڈ ڈپلومہ ہولڈر ہونا ضروری ہے۔ ایسے لیبارٹری ٹیکنیشن جو خدمت خلق کا جذبہ رکھتے ہوں اپنی درخواستیں مع اسناد و تجربہ کے سرٹیفکیٹ بنام ایڈمنسٹریٹر فضل عمر ہسپتال ارسال کریں۔ درخواستیں صدر صاحب محلہ/امیر جماعت کی سفارش سے آنی چاہئیں۔

(ایڈمنسٹریٹر فضل عمر ہسپتال ربوہ)

ولادت

مکرم کیپٹن (ر) محمود احمد خان صاحب لکھتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل سے میری بیٹی مکرمہ شازیہ وقار صاحبہ اور مکرم سید وقار احمد صاحب کو 13 دسمبر 2004ء کو ہوسٹن امریکہ میں بچی سے نوازا ہے۔ جس کا نام حضور انور نے از راہ شفقت عطیۃ الحی ماحین عطا فرمایا ہے نومولودہ مکرم کموڈور (ر) سید ناصر احمد شاہ صاحب کی پوتی، والد کی طرف سے مکرم ڈاکٹر سید ظہور احمد شاہ کی نسل سے ہے۔ اسی طرح نومولودہ اپنی والدہ کی طرف سے حضرت نواب محمد علی خان صاحب و حضرت نواب مبارکہ بیگم صاحب کی نسل ہے۔ احباب جماعت سے بچی کے نیک سیرت اور خادمہ دین ہونے کے لئے دعا کی درخواست ہے۔

رسول اللہ ﷺ کے مقرب صحابہ۔ حضرت ابوبکرؓ اور حضرت عمرؓ

محترم مولانا حکیم دین محمد صاحب

حضرت موسیٰ علیہ السلام کے سپرد جب خدا تعالیٰ نے نبوت کی ذمہ داری ڈالی تو آپؑ گھبرائے اور دعا کی واجعل لی وزیرا من اھلی یعنی آپ نے اپنے وزیر کا مطالبہ کیا جو آپ کا بوجھ ہلکا کرے۔ مگر آنحضرت ﷺ کی نسبت خدا تعالیٰ فرماتا ہے۔ ووضعنا عنك وزرك ......اس خبر کے مطابق وہ کون لوگ تھے جو آپ پر ایمان لائے۔ جونہی آپؐ پر خدا کی وحی کا نزول ہوا اور آپ نے محسوس فرمایا کہ اتنا بڑا بوجھ ہے جو آج تک کسی اور نبی پر نہیں ڈالا گیا تو آپ نے اپنی زوجہ حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا سے اظہار فرمایا تو انہوں نے بے ساختہ کہا آپ گھبرائیں نہیں اللہ تعالیٰ آپ کو ہرگز ضائع نہیں کرے گا۔

چنانچہ حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا آپؐ کی گھبراہٹ کو دور کرنے کے لئے ورقہ بن نوفل کے پاس لے گئیں۔ جو اسرائیلی علوم کے عالم تھے۔ وہ سنتے ہی فرماتے ہیں یہ ویسی وحی ہے جیسے موسیٰ علیہ السلام پر نازل ہوئی تھی اور کہا کہ لم یأت رجل قط بمثل ماجئت بہ الا عودی (بخاری کتاب الوحی) کہ جو شخص بھی ایسا پیغام لایا لوگوں کی مخالفت سے نہیں بچا۔ گھر میں چچیرا بھائی ہے جو جوانی کی عمر کو پہنچنے والا ہے اور جو نوجوانوں میں تبلیغ کا اچھا ذریعہ بن سکتا ہے۔ وہ جب اپنے بھائی اور بھاوج کو نبوت کی ذمہ داری کی باتیں کرتے سنتا ہے تو بڑی متانت سے آگے بڑھ کر کہتا ہے کہ میں یقین رکھتا ہوں کہ آپؐ سچے ہیں اور ضرور خدا تعالیٰ نے آپؐ سے باتیں کی ہیں اور دنیا کی اصلاح کے لئے آپ کو مامور کیا گیا ہے۔

گھر میں ایک آزاد کردہ غلام ہے جو اپنے ماں باپ کو چھوڑ کر آپ کے اخلاق کا گرویدہ ہو کر آپ کے دروازہ پر بیٹھا تھا۔ جب وہ آپؐ پر عائد شدہ خدائی ذمہ داری کو سنتا ہے اور اپنے آقا کے چہرہ پر فکر کے آثار دیکھتا ہے تو آگے بڑھ کر اپنے آقا کے دامن کو تھام لیتا ہے۔

اسی طرح آپؐ کا ایک گہرا دوست جو گویا ایک ہی صدف میں پلنے والا دوسرا موتی تھا، وہ سفر سے واپسی پر آپؐ کے دعویٰ کی خبر سنتے ہی بھاگا ہوا آپؐ کے گھر آ کر آپؐ کے دروازہ کو دستک دیتا ہے اور پوچھتا ہے کیا آپ نے نبوت کا دعویٰ کیا ہے؟ تو آنحضرت ﷺ اسے سمجھانا چاہتے ہیں۔ مگر وہ کہتا ہے خدا کی قسم دلیلیں نہ دیجئے۔ صرف یہ بتائیے کہ کیا واقعی آپؐ نے نبوت کا دعویٰ کیا ہے؟ آپؐ کے تصدیق کرنے پر کہتا ہے میرے سچے دوست میں آپؐ پر ایمان لایا۔ آپؐ تو غضب ہی کرنے لگے تھے۔ دلیلیں دے کر میرے ایمان کو مشتبہ ہی کرنے لگے تھے۔ میرے دوست جس نے تیرے چہرے کو دیکھا ہے وہ کب تیری باتوں میں شبہ کرسکتا ہے۔ ان پانچ ابتدائی فدائیوں کے عقیدت و اخلاص کے اس اظہار نے آنحضرت ﷺ کے دل میں کس قدر خوشی پیدا کی ہوگی۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے خدا تعالیٰ سے ایک وزیر مانگا تھا لیکن خدا تعالیٰ نے آنحضرت ﷺ کو بن مانگے پانچ جاں نثار فدائی عشاق عطا کر دیئے۔ جنہوں نے اپنی زندگی میں فدائیت کے ایسے جوہر دکھائے کہ کمال کر دیا۔ پھر قریب زمانہ میں طلحہ رضی اللہ عنہ، زبیرؓ، حمزہؓ، عثمانؓ، عثمان بن مظعونؓ آپؐ کو ملے اور مکہ سے ہجرت کے بعد خدا تعالیٰ نے مہاجرین اور انصار سے بے شمار فدائی عطا فرمائے۔ یہ تو ابتدائی وجود تھے۔ اس کے بعد جیسے جیسے صحابہؓ کی جماعت تیار ہوئی اور وہ آپ کی صحبت سے فیضیاب ہوئے ان کا نام قرآن مجید میں ساجدین آیا ہے۔ مدنی زندگی میں آنحضرت ﷺ نے مہاجرین اور انصار میں رشتہ مواخات قائم فرما دیا جس کے بارہ میں قرآن مجید نے ان الفاظ میں ذکر کیا ہے۔

وہی ہے جس نے تجھ کو مومنوں کے ذریعہ اور اپنی مدد کے ذریعہ مضبوط کیا اور ان کے دلوں کو آپس میں باندھ دیا۔ (یہاں تک کہ صحابہؓ تیرے پسینے کی جگہ اپنا خون بہانے کے لئے تیار ہو گئے) اگر تو جو کچھ زمین میں ہے ان پر خرچ کر دیتا تو بھی ان کے دلوں کو اس طرح باندھ نہیں سکتا تھا لیکن اللہ تعالیٰ نے ان میں باہمی محبت قائم کر دی ہے۔ وہ یقیناً غالب اور بڑی حکمت والا ہے۔ (انفال 64,63)

مدنی زندگی میں جب صحابہؓ پر مشرکین اور کفار کی طرف سے لڑائی مسلط ہوئی اور مدافعت کے طور پر ان پر جہاد بالسیف فرض ہوا تو جنگ بدر کے موقعہ پر آنحضرت ﷺ کے انصار سے مشورہ طلب کرتے وقت ان کے نمائندے نے جس فدائیت کا اظہار کیا وہ دنیا کی تاریخ میں ان کے سوا کسی نے نہیں کیا اور عملی طور پر شوق شہادت میں منھم من قضٰی نحبہ ......کی خلعت سے سرفراز ہوئے۔ مجموعی طور پر انہوں نے خیر البریہ کا لقب بھی خدا تعالیٰ سے حاصل کیا اور پھر نفس مطمئنہ کے حصول کے ساتھ رضی اللّٰہ عنھم و رضوا عنہ کا انعام پا کر خدا تعالیٰ کے عباد میں داخل ہوئے۔ گویا محض خدا تعالیٰ کے فضل سے اپنی زندگی کے مقصد کو پانے میں انہوں نے کامیابی حاصل کی۔ تاریخ اسلام میں ان کی فدائیت کا نظارہ آنحضرت ﷺ کی وفات پر نظر آتا ہے۔ اس وقت صحابہؓ میں فدائیت سے جنون کی کیفیت پیدا ہو گئی۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ جیسے اسلام کے فدائی ننگی تلوار لے کر اعلان کر رہے تھے کہ جو شخص آنحضرت ﷺ کی وفات کا نام لے گا اس کا سر قلم کردوں گا۔ آخر حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے جب اعلان کیا کہ جو تم میں سے محمد ﷺ کی عبادت کرتا تھا، وہ فوت ہو گئے ہیں اور جو خدا تعالیٰ کی عبادت کیا کرتا تھا، وہ حیی و قیوم ہے اور اس پر سورۃ آل عمران آیت 145 کی تلاوت کی۔ حضرت عمر رضی اللہ قرآن کی یہ آیت سن کر نڈھال ہو کر گر گئے۔ اور بعد میں بتایا کہ اس وقت اس آیت قرآنی کا یہ اثر تھا کہ گویا یہ اب نازل ہوئی ہے۔ اس وقت صحابہؓ کے ترجمان حضرت حسان بن ثابتؓ انصاری نے یہ اشعار پڑھے۔

کنت السواد لناظری ۔۔۔ فعمی علی الناظر
من شاء بعدک فلیمت ۔۔۔ فعلیک کنت احاذر

غرضیکہ ایسی فدائیت، جاں نثاری، فنافی الرسول، توحید حقیقی کی علمبردار جماعت صحابہؓ کو بعد میں آنے والوں کے لئے اسوہ کامل کا مقام ملا اور جس سے بڑھ کر یہ مقام کسی نبی کے متبعین کو حاصل نہیں ہوا۔

سیرت حضرت ابوبکرؓ

ان کا نام جاہلیت میں عبدالکعبہ تھا۔ اسلام لانے کے بعد آنحضرت ﷺ نے اس کو بدل کر عبداللہ کر دیا۔ صدیق اور عتیق ان کے لقب ہیں اور ابوبکر کنیت ہے۔ اور یہی زیادہ مشہور ہے۔ ان کی والدہ ام الخیر بنی تیم میں سے تھیں۔ ان کی خصوصیت یہ ہے کہ ابوبکرؓ ان کے والد ابو قحافہؓ بیٹے عبدالرحمٰنؓ اور پوتے محمد بن عبدالرحمٰنؓ چار پشتیں صحابی ہیں۔ ان کی ولادت آنحضرت ﷺ کی پیدائش کے اڑھائی سال بعد ہوئی۔ جوانی کے ہی زمانہ سے ان کے اخلاق پسندیدہ اور خصائل شریفانہ تھے۔ ایمان لانے کے بعد دعوت اسلام میں آنحضرت ﷺ کو ان سے عظیم الشان تعاون ملا اور بڑے بڑے صحابہؓ جن کے کارنامے تاریخ اسلام میں نمایاں ہیں ان کے ذریعہ اسلام میں داخل ہوئے۔ مثلاً حضرت عثمانؓ، حضرت زبیرؓ، حضرت طلحہؓ، حضرت عبدالرحمٰن بن عوفؓ، حضرت سعد بن ابی وقاصؓ نے ان کے ذریعہ اسلام قبول کیا۔ علاوہ ازیں بہت سے افراد جو اسلام قبول کرنے کے بعد اپنے ظالم آقاؤں کے ظلم اور سختی کا نشانہ بنے ہوئے تھے۔ اس زمرہ میں حضرت بلال رضی اللہ عنہ کی داستان بہت دردانگیز ہے۔ حضرت بلال رضی اللہ عنہ کا آقا ان کے مسلمان ہو جانے کی وجہ سے جوش غضب میں دوپہر کے وقت تپتی ریت پر لٹا کر ان کے سینہ پر بھاری پتھر رکھتا اور کہتا کہ جب تک لات اور عزیٰ پر ایمان نہیں لائے گا اس عذاب میں مبتلا رکھوں گا۔ مگر حضرت بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ دکھ برداشت کرتے تھے اور احد احد پکار کر خدا کی وحدانیت کا اعلان کرتے تھے۔ یہ حالت اور تکلیف دیکھ کر حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو رحم آیا اور آپ نے اسے خرید کر آزاد کرا دیا۔ آپ کی سیرت اور فضائل کے بارہ میں حضرت مسیح موعود نے اپنی کتاب سرالخلافۃ میں لکھا ہے کہ جو حقائق آپ ان کے بارہ میں لکھ رہے ہیں یہ حقائق آپ پر اللہ تعالیٰ کی طرف سے ظاہر کئے گئے ہیں۔ ان میں سے صرف حسب گنجائش چند خوبیوں کا ذکر کیا جاتا ہے۔ فرمایا:۔

حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ ایک کامل عارف باللہ انسان تھے۔ جن کے خلق، حلم اور بردباری سے پر تھے۔ اور رحم کرنے والی فطرت رکھتے تھے۔ وہ تواضع اور انکسار کے لبادہ میں ملبوس رہتے تھے۔ بہت زیادہ درگزر، شفقت اور رحم کرنے والے انسان تھے۔ وہ اپنی پیشانی کے نور سے پہچانے جاتے تھے۔ آنحضرت ﷺ سے گہرا تعلق رکھتے تھے اور ان کی روح رسول اللہ کی روح سے ملی ہوئی تھی۔ وہ اس کے نور سے ڈھانپے گئے تھے۔ خدا کی قسم ابوبکر رضی اللہ عنہ اسلام کے لئے آدم ثانی تھے۔ اور خیر الانام سیدنا محمد ﷺ کے مظہر اول تھے۔ وہ نبی نہ تھے مگر نبی والی قوتیں (صلاحیتیں) رکھتے تھے۔ اسی کے صدق اور سچائی کی وجہ سے اسلام کے باغ کی رونق وخوبصورتی اپنے کمال کو پہنچی۔ ان مصیبتوں کے بعد جو اسلام کو نبی کریم ﷺ کی وفات کے بعد وارد ہوئیں میں نے صدیق رضی اللہ عنہ کو واقعہ میں سچا پایا ہے اور یہ امر مجھ پر بڑی تحقیق کے بعد کھلا ہے۔ میں نے انہیں اماموں کا امام، دین کا اور امت کا چراغ پایا ہے۔ خدا کی قسم ابوبکر رضی اللہ عنہ نبی کریم ﷺ کے دونوں حرموں (مکہ ومدینہ) میں بھی ساتھی تھے اور دونوں قبروں میں بھی ساتھی تھے۔ یعنی غار ثور کی قبر میں اور وفات کے بعد مدینہ کے حجرہ میں۔ پس حضرت ابوبکرؓ کا مقام دیکھو اگر تو گہری نظر رکھنے والا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے ان کی تعریف قرآن مجید میں انتہائی عمدہ طریق پر کی ہے۔ اس میں کوئی شک نہیں وہ اللہ کا مقبول اور اس کا پیارا تھا۔ اور مجھے یہ علم دیا گیا ہے کہ ابوبکرؓ کی بڑی عظیم شان تھی۔ اور تمام صحابہؓ میں آپ ہی کا مقام سب سے بلند تھا اور آپ کی خلافت کے بارہ میں قرآنی آیات میں پیشگوئی تھی۔ اللہ تعالیٰ ابوبکرؓ پر رحم کرے۔ انہوں نے اسلام کو زندہ کیا اور زندیقوں کو

قتل کیا اور وہ اپنی نیکیوں کی وجہ سے قیامت کے دن تک کامیابی حاصل کر گئے۔ آستانہ الٰہی پر گریہ وزاری کرنے والوں میں سے تھے۔ ان کی عادت میں تضرع اور دعا کرنا تھا۔ وہ دعا اور سجدہ میں بہت اجتہاد کرتے تھے۔ اور تلاوت قرآن کریم کے وقت ان کی آنکھوں سے آنسو رواں رہتے تھے۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ وہ اسلام کے لئے باعث فخر تھے۔ ان کی خداداد صلاحیتیں خیر البریہ محمد مصطفیٰ ﷺ کی صلاحیتوں سے قریب اور مشابہ تھیں۔ حضرت ابوبکرؓ کی خوبیوں کو نہ گنا جاسکتا ہے نہ شمار کیا جاسکتا ہے۔ ان کے بہت سے احسانات مسلمانوں کی گردنوں پر ہیں۔ جن کا انکار زیادتی اور ظلم کرنے والوں کے علاوہ کوئی اور نہیں کرسکتا۔ اللہ تعالیٰ نے انہیں قیام امن کا موجب بنایا مومنوں کے لئے اور کافروں اور مرتدین کی آگ کو بجھانے کا سبب بنایا۔ اور انہیں قرآن مجید کے اول حامیوں میں سے بنایا اور پھر اس کا خادم بنایا۔ اللہ تعالیٰ کی کتاب کی تبلیغ اور اشاعت کرنے والا بنایا۔ انہوں نے قرآن مجید کو جمع کرنے کے لئے اپنی پوری کوششیں صرف کردیں۔ اللہ تعالیٰ نے آپ کو ثانی اثنین کہہ کر اپنی رضامندی کی خلعت پہنائی۔ ابن خلدون نے کہا ہے کہ جب نبی اکرم ﷺ کی تکلیف بڑھ گئی اور آپ پر بے ہوشی طاری ہوگئی تو آپ کی بیویاں اور اہل بیت اور عباسؓ اور علیؓ آپؐ کے پاس تھے۔ نماز کا وقت ہوا تو آپؐ نے فرمایا کہ ابوبکرؓ کو نماز میں لوگوں کی امامت کا حکم دو۔ ابن خلدون نے کہا کہ نبی کریم ﷺ کی تین وصیتوں میں سے ایک یہ تھی کہ مسجد میں جتنے لوگوں کے دروازے کھلتے ہیں۔ ابوبکرؓ کے دروازہ کے علاوہ سب بند کردیئے جائیں۔ ابن خلدون نے کہا ابوبکرؓ کی خصوصیات جو اللہ تعالیٰ نے اسے عطا کی تھیں میں سے یہ بھی تھا کہ ان کا جنازہ بھی اس چارپائی پر اٹھایا گیا جس پر رسول کریم ﷺ کا۔ اور ان کی قبر بھی نبی کریم ﷺ کی قبر کی طرح بنائی گئی۔ ان کی لحد بھی نبی کریم ﷺ کی لحد کے قریب بنائی گئی اور ان کا سر نبی کریم ﷺ کے کندھوں کے برابر رکھا گیا۔ ان کے منہ سے آخری بات جو نکلی وہ توفنی مسلما والحقنی بالصالحین تھی

(سرالخلافۃ۔ روحانی خزائن جلد 8 ص 395,355)

سیرت حضرت عمرؓ

نبی کریم ﷺ کے مبعوث ہونے کے ساتھ ہی آپ کی رسالت پر ایمان نہیں لائے بلکہ مسلمانوں کے مخالف ہوکر ایذا دہی کرتے رہے پھر آنحضرت ﷺ کی آپ کی ہدایت کے لئے دعا کی قبولیت کے باعث اسلام قبول کیا۔ ایک روز آنحضرت ﷺ کے قتل کے ارادہ سے نکلے راستہ میں علم ہوا کہ آپ کی بہن اور بہنوئی مسلمان ہوچکے ہیں ان کے گھر کا قصد کیا۔ وہاں پہنچ کر بہنوئی پر حملہ آور ہوئے بہن بیچ میں حائل ہو کر زخمی ہوگئیں۔ بہن نے جوش میں آکر اپنے ایمان کا اظہار کیا۔ بہن کو زخمی حالت میں دیکھ کر شرمندہ ہو کر قرآن مجید کے طالب ہوئے۔ بہن نے کہا پہلے آپ غسل کریں پھر قرآن دوں گی۔ غسل کیا، قرآن پڑھا۔ ہدایت کا وقت آچکا تھا۔ قرآن مجید پڑھتے ہی حقانیت دل میں بیٹھ گئی۔ سیدھے آنحضرت ﷺ کی خدمت میں دار ارقم میں حاضر ہوکر بیعت کا شرف حاصل کیا۔ آنحضرت ﷺ کی وفات کے بعد خلیفہ ثانی مقرر ہوئے۔ ان کی سیرت کے بارہ میں حضرت مسیح موعودؑ کی کتاب سرالخلافہ میں آپ کے عربی منظوم کلام سے آپ کی سیرت سے اخص امور پیش کئے جاتے ہیں۔

حضرت عمر فاروقؓ ہر فضیلت میں حضرت ابوبکرؓ کے مشابہ تھے اور آپ نے ایک مدبر بادشاہ کی طرح رعایا کا انتظام کیا۔ آپ نے اخلاص سے کوشش کی۔ جس سے خلافت کے لئے عزت اور شان عظیم ظاہر ہوئی۔ آپ کے عہد میں ستارہ سورج بن گیا تھا۔ پس آفرین ہے اس پر بھی اور اس کے پاک وقت پر بھی۔ اس نے ہر معرکے میں دشمن کا مقابلہ کیا اور ہر متکبر جنگ جو کو ہلاک کیا۔ اس نے قوی ہاتھوں سے بڑا نشان دکھایا۔ پس آفرین ہے اس فتحمند جواں مرد پر۔ وہ پیوندہ شدہ کمبل میں لوگوں کا امام تھا اور غبار آلودہ چادر میں ملکوں کا بادشاہ تھا۔ اسے انوار الٰہی دیئے گئے۔ سو وہ خدا کا محدث بن گیا۔ اور خدائے رحمٰن نے اس سے برگزیدوں کی طرح کلام کیا۔ اس کی خوبیوں سے دفاتر بھرے پڑے ہیں اور اس کے خصائل بدر انور کی طرح زیادہ روشن ہیں۔ پس آفرین ہے اس کے لئے اور اس کی کوشش کی اور جدوجہد کے لئے۔ وہ دین محمد ﷺ کے لئے بہترین خود تھا۔ اس کے عہد میں محمد ﷺ کے شہسواروں کے گھوڑوں نے عیسائیوں کے ملک میں غبار اڑائی۔ ان کے لشکر نے کسریٰ کی شوکت کو توڑ ڈالا۔ پس ان (اکاسرہ) میں سے خیالی صورتوں کے سوا کچھ باقی نہ رہا۔ وہ اپنی شان وشوکت میں اپنے زمانہ کا سلیمان تھا۔ اور دشمنوں کے جن اس کے لئے مسخر کردیئے گئے تھے۔ میں نے اس کی بزرگ شان کو دیکھا۔ سو اس کا ذکر کیا اور میں مخلوق کی مدح وثناء صرف اس کی خوبی کی وجہ سے کرتا ہوں۔

حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی دعا کے مطابق آپؓ کو مدینہ میں شہادت نصیب ہوئی اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے اجازت مرحمت کرنے پر آپؓ آنحضرت ﷺ کے پہلو میں مدفون ہیں۔ خدا تعالیٰ کی آپؓ پر بے شمار رحمتیں ہوں۔ آمین

رپورٹ: فیض احمد زاہد صاحب

MBEYA (تنزانیہ) کے مشن ہاؤس کا افتتاح

، زمبیا کے بارڈر پر نہایت خوبصورت شہر ہے اور تجارتی لحاظ سے بہت اہمیت کا حامل ہے۔ قبل ازیں وہاں ایک گھر میں نماز سنٹر بنایا ہوا تھا۔ وہاں مشن ہاؤس کی اشد ضرورت تھی۔ شہر کی اہمیت کے پیش نظر وہاں زمین کی بہت قیمت ہے۔ اللہ تعالیٰ کے فضل سے ایک عمارت جو کہ قریباً 10,9 کمروں پر مشتمل شہر کے وسط میں نہایت اونچی باموقع جگہ پر واقع ہے مناسب قیمت پر خریدنے کی توفیق مل گئی۔

مشن ہاؤس کی خریداری

جماعت احمدیہ اُمبیا (Mbeya) نے مسلسل جدوجہد کے بعد ایک مکان جاکارانڈہ (Jakaranda) کے علاقہ میں دیکھا جو نیشنل بینک آف کارکی ملکیت تھا۔ مرکز سے منظوری کے بعد اس کی خریداری اور مرمت کا کام کیا گیا۔

خریداری کے دوران ہمیں کئی امتحانوں میں سے گزرنا پڑا۔ اس کے باوجود جماعت کی کوششوں کو خدا تعالیٰ نے قبول فرمایا اور ہم اس مشن ہاؤس کو حاصل کرنے اور آباد کرنے میں کامیاب ہوگئے۔

مشن ہاؤس کا تعارف

یہ مشن ہاؤس جاکارانڈہ (Jakaranda) کے علاقہ میں واقع ہے۔ اس مشن ہاؤس کے 10 بڑے چھوٹے کمرے ہیں۔ 2 باورچی خانے، 3 باتھ روم، 3 ٹائلٹ، گیراج، ٹی وی ہال، ڈائننگ ہال، سٹنگ روم کے علاوہ 2 برآمدے بھی ہیں۔

مشن ہاؤس کے باہر کے پلاٹ کو لکڑی کی مضبوط باڑ سے محفوظ کیا گیا ہے۔ مکان کے اکثر فرش ماربل چپس کے ہیں اور نہایت قیمتی لکڑی سے بنی ہوئی خوبصورت چھتیں ہیں۔

مرمت کا کام

مشن ہاؤس خریدنے کے بعد اس کی مرمت کا کام شروع کروایا اور اس سارے کام کا کنٹریکٹ ایک مخلص احمدی دوست محترم یونس وردہ صاحب کو دیا گیا جنہوں نے دن رات کی مسلسل محنت سے اس کام کو پایہ تکمیل تک پہنچایا۔ سارے مشن ہاؤس کو رنگ وروغن کروایا گیا۔ لوہے کے مضبوط دروازے اور گرل لگائی گئیں۔ سنٹرل ورکس، بجلی اور لکڑی کا کام کروایا گیا۔ ایک ماہ کی مسلسل محنت اور جدوجہد کے بعد پہلے سے زیادہ خوبصورت اور مضبوط مشن ہاؤس جماعت کے سپرد کیا۔

افتتاحی تقریب کی تیاریاں

مشن ہاؤس کی مرمت مکمل ہونے کے ساتھ ہی یہاں کے مرکزی مربی مکرم فرید احمد تبسم صاحب نے افتتاحی تقریب کے لئے تیاریاں شروع کردیں۔ مجلس عاملہ Mbeya کے ہمراہ متعدد اجلاسات کئے گئے جن کا ایجنڈا یہی رہا کہ کس طرح اس افتتاحی تقریب کو زیادہ سے زیادہ کامیاب بنایا جاسکتا ہے۔ اس سارے کام کو کمیٹیاں بنا کر احباب جماعت کے سپرد کیا۔ سرکاری افسران کو اس تقریب میں شمولیت کے خصوصی دعوت نامے بھجوائے گئے اور اس کے ساتھ اس تقریب کو منانے کے لئے خصوصی اجازت نامہ گورنمنٹ سے حاصل کیا گیا۔

وقار عمل

جماعت احمدیہ اُمبیا کے سارے افراد انصار اور لجنہ اماء اللہ نے بڑی محنت سے اس مشن ہاؤس کے اندرونی اور بیرونی حصوں کو صاف کیا۔ اس وقار عمل کے ذریعہ ایک خطیر رقم کی بچت کی گئی۔

لجنہ اماء اللہ نے مشن ہاؤس کے اندرونی اور انصار وخدام نے بیرونی حصوں کو صاف کیا۔ راستوں کو ہموار کیا گیا۔ باڑ کو سفید چونا سے سجایا گیا۔ اور صفائی کے بعد پانی کا چھڑکاؤ کیا گیا۔ محکمہ صحت والے بھی اس کو دیکھنے آئے تو انہوں نے بھی صفائی کے معیار کو سراہا۔

افتتاحی تقریب

افتتاحی تقریب کے لئے 21 جون 2004ء کا دن مقرر کیا گیا۔ صدر انصار اللہ تنزانیہ، صدر لجنہ اماء اللہ تنزانیہ اور صدر خدام الاحمدیہ تنزانیہ کے علاوہ کئی مہمان تھے جو 2 خصوصی گاڑیوں پر اس تقریب میں شمولیت کے لئے دار السلام سے وہاں تشریف لائے۔ سرکاری عہدیداران میں ریجنل سرکاری آفیسر جناب A.M. Njalambaha کونسلر کے علاوہ کئی دوسرے سرکاری افسران بھی حاضر تھے۔

ان مہمانوں کی آمد کے ساتھ ہی تقریب کا آغاز قرآن کریم کی تلاوت سے ہوا جو مکرم معلم حسن صاحب نے کی۔ اس کے بعد صدر جماعت احمدیہ نے سپاسنامہ پڑھ کر سنایا۔ جس میں جماعت احمدیہ Mbeya کی تاریخ سے لے کر آج کے دن تک کی خدمات کا ذکر کیا گیا تھا۔ اس سپاسنامہ کو پڑھنے کے بعد اس کی ایک کاپی مہمان خصوصی کی خدمت میں پیش کی گئی۔

اس کے بعد مکرم فرید احمد تبسم نے تقریر کی جس میں جماعت احمدیہ اُمبیا کی مختصر تاریخ اور کاموں کا ذکر کیا۔ اس کے بعد ریجنل آفیسر نے تقریر کی اور جماعت احمدیہ کی خدمات کو سراہتے ہوئے بہت خوشی کا اظہار کیا اور امید ظاہر کی کہ جماعت احمدیہ زندگی کے ہر شعبہ میں تعاون کرے گی جس طرح گزشتہ تاریخ احمدیت سے ظاہر ہے کہ جماعت احمدیہ نے زندگی کے ہر شعبہ میں گورنمنٹ کے ساتھ تعاون کیا ہے۔

مہمان خصوصی کی تقریر کے بعد خاکسار فیض احمد زاہد نے اختتامی خطاب میں آنے والے مہمانوں کو خوش آمدید کہا اور ان کا شکریہ ادا کیا۔ اور جماعت احمدیہ عالمگیر کی خدمات کا ذکر کیا۔

آخر پر خاکسار نے مہمان خصوصی کی خدمت میں جماعتی کتب کا تحفہ پیش کی جو انہوں نے بڑی خوشی سے قبول کیا۔ دعا کے ساتھ تقریب کا اختتام ہوا۔

تصویری نمائش اور بک سٹال

باقی صفحہ 6 پر

تاریخ لجنہ اماء اللہ کے چند نمایاں پہلو

(آغاز تا 1989ء)

1922ء:

25 دسمبر 1922ء لجنہ اماء اللہ کی بنیاد رکھی گئی۔ 1989ء تک پاکستان میں 941 اور بیرون پاکستان 789 شاخیں قائم ہو چکی تھیں۔

1923ء:

نور ہسپتال قادیان کا زنانہ کمرہ مستورات کے چندہ سے تعمیر ہوا جس کا سنگ بنیاد حضرت سیدہ نصرت جہاں بیگم صاحبہ نے رکھا۔

1924ء:

اکتوبر 1924ء بیت الفضل لندن کی بنیاد رکھی گئی۔ یہ بیت الذکر عورتوں کے چندہ سے تعمیر ہوئی۔

1925ء:

احمدیہ زنانہ سکول سیالکوٹ کا قیام نیز مدرسۃ الخواتین کا افتتاح قادیان میں ہوا۔

1926ء:

لجنہ کے رسالہ مصباح کا اجراء اور دستکاری کی نمائش کا اجراء ہوا۔

1927ء:

16 ستمبر 1927ء امۃ الحی لائبریری کا قیام عمل میں آیا۔

1928ء:

لندن مشن کے اخراجات کے لئے نو ہزار روپے کی تحریک میں مستورات نے بشاشت قلب سے حصہ لیا۔

1929ء:

گرلز سکول قادیان کی نگرانی کا کام لجنہ اماء اللہ کے سپرد کیا گیا۔

1931ء:

مجلس مشاورت میں لجنہ اماء اللہ کو حق رائے دہندگی ملا۔

1934ء:

تحریک جدید کا آغاز۔ چندہ کے علاوہ مستورات نے تین سال تک سادگی اختیار کرنے کا عہد کیا۔

1935ء:

ناخواندہ خواتین کو خواندہ بنانے کی کامیاب مہم چلائی۔

1939ء:

خلافت جوبلی کی تقریب کے لئے لوائے احمدیت کی تیاری۔ لجنہ اماء اللہ کی زیر نگرانی رفیقات حضرت مسیح موعود نے سوت کاتا۔ 28 دسمبر کو لوائے لجنہ اماء اللہ حضرت مصلح موعود نے لہرایا۔

1942ء:

پہلی بار لجنہ اماء اللہ کے قواعد وضوابط مرتب کئے گئے۔

1944ء:

تعلیم الاسلام کالج کے چندہ کے لئے لجنات اماء اللہ کی جدوجہد۔

1945ء:

لجنہ اماء اللہ مرکزیہ کی تشکیل۔ دفتر لجنہ کے لئے زمین کی خرید۔ دفتر لجنہ کا قیام۔ لجنہ کی پہلی شوریٰ۔ سالٹ پانڈ (غانا) میں زنانہ سکول کے لئے چار ہزار روپے چندہ دیا گیا۔ حضرت مصلح موعود کے ارشاد کے مطابق ہر شہر، گاؤں، قصبہ میں لجنہ اماء اللہ کے قیام کی کوشش۔ تعلیم بالغان۔ ناصرات الاحمدیہ کا قیام۔ منارۃ المسیح ہال کے لئے چندہ میں شمولیت۔

1947ء:

انگریزی میں ترجمۃ القرآن کے متعلق دو سو جلدوں کی قیمت کی پیشکش لجنہ کی طرف سے۔ مصباح کا انتظام لجنہ نے کلی طور پر لے لیا۔

1947ء:

قادیان سے لاہور آنے کے بعد مہاجر خواتین کی امداد کے لئے لجنات کی مساعی۔ 11 ستمبر 1947ء لاہور میں دفتر لجنہ اماء اللہ کا قیام۔ مہاجرات کو چرخہ کاتنے، چکی پیسنے کی مشق۔ وصیت کروانے کی تحریک پر لجنہ کی کوشش۔

1948ء:

رمضان المبارک میں تعلیم القرآن کلاس کا اجراء۔ مجاہدین کشمیر کے لئے سیدہ ام داؤد صاحبہ کی نگرانی میں مستورات کی خدمات۔ وردیوں کی صفائی، مرمت وغیرہ۔

1949ء:

ربوہ میں پہلا جلسہ، مستورات کا انتظام، ربوہ میں نصرت گرلز ہائی سکول کا قیام۔ 11 دسمبر 1949ء لجنہ اماء اللہ لندن کا قیام۔ جلسہ سالانہ ربوہ میں لجنہ کے زیر انتظام صنعتی نمائش کا آغاز۔

1950ء:

بیت مبارک ہالینڈ کے چندہ کی تحریک صرف عورتوں کے لئے۔ مصباح کا اجراء ربوہ سے۔ ربوہ میں دفتر لجنہ کا سنگ بنیاد۔ امۃ الحی لائبریری کا ربوہ میں احیاء۔

1951ء:

14 جون جامعہ نصرت کا قیام۔

1952ء:

حضرت اماں جان سیدہ نصرت جہاں بیگم صاحبہ کا وصال۔ ماریشس میں لجنہ کا قیام۔

1953ء:

لجنہ ربوہ کی تشکیل۔ علیحدہ لجنہ بنائی گئی۔

1954ء:

احمدی عورتوں کے چندہ سے جرمن ترجمہ قرآن کی اشاعت۔

1957ء:

فضل عمر جونیئر ماڈل سکول کا افتتاح۔ عورتوں کے چندہ سے لجنہ ہال میں ایک گیلری کی تعمیر۔ ہمبرگ (جرمنی) میں بیت الذکر کی تعمیر کے لئے مالی قربانیاں۔ لجنہ کا پہلا سالانہ اجتماع۔

1958ء:

لجنہ کی پہلی رپورٹ شائع کی گئی۔

1962ء:

بیت المحمود زیورچ سوئٹزرلینڈ کا سنگ بنیاد حضرت سیدہ امۃ الحفیظ بیگم صاحبہ نے رکھا۔ اس کے چندہ کے لئے لجنات کی جدوجہد۔ لجنات کو حسن کارکردگی کی بناء پر سندات دینے کا فیصلہ اور اجراء۔

1964ء:

حضرت مصلح موعود کے 50 سالہ کامیاب دور خلافت کی خوشی میں لجنہ کی طرف سے ڈنمارک میں ایک بیت بنانے کی پیشکش۔

1966ء:

تنظیم موصیات کا قیام۔ حضرت خلیفۃ المسیح الثالث کا ارشاد کہ ہر موصیہ کم از کم دو عورتوں یا بچوں کو قرآن کریم پڑھائے۔ لجنات کی جدوجہد۔ احمدی بچوں سے وقف جدید کے لئے پچاس ہزار روپے جمع کرنے کی تحریک۔ ناصرات ربوہ کا نمایاں حصہ۔

1967ء:

احمدی بچوں کے لئے جماعت احمدیہ کی مختصر تاریخ کی اشاعت۔ حضرت خلیفۃ المسیح الثالث نے سفر یورپ میں بیت نصرت جہاں ڈنمارک کا افتتاح فرمایا۔ (جو احمدی خواتین کے چندہ سے تعمیر ہوئی)

1970ء:

جامعہ نصرت ربوہ کے سائنس بلاک کا سنگ بنیاد جس کا نصف خرچ لجنہ نے اٹھایا۔ حضور کے سفر افریقہ سے واپسی پر استقبالیہ۔

1971ء، 1972ء:

1971ء کی جنگ میں لجنہ کی طرف سے دس ہزار روپے کی پیشکش دفاعی فنڈ میں کی گئی۔ 8751 روئی کی صدریاں پاک فوج کے لئے ربوہ کی مستورات نے تیار کیں۔ لجنہ کا جشن پنجاہ سالہ۔ اس موقعہ پر تقریب۔ سیدہ صدر صاحبہ نے ایک لاکھ روپیہ لجنہ مرکزیہ اور ایک لاکھ روپیہ لجنہ انگلستان کی طرف سے اشاعت قرآن کریم کے لئے حضور کی خدمت میں پیش کئے۔

1981ء:

حضور نے صحت کو ٹھیک رکھنے کے لئے لجنہ کی کھیل کے کلب کا اجراء کیا۔ جس کے مطابق لجنہ کا پہلا اتھلیٹکس ٹورنامنٹ ربوہ میں منعقد ہوا۔ آپ نے اجتماعات کی کامیابی کے لئے 21،21 بکروں کے صدقہ کی تحریک فرمائی۔ لجنہ مرکزیہ نے 42 بکرے صدقہ دیئے۔

1983ء:

بیت بشارت سپین کے افتتاح اور سفر یورپ سے کامیاب مراجعت کی خوشی میں لجنہ مرکزیہ اور لجنہ ربوہ کی طرف سے حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کی خدمت اقدس میں استقبالیہ پیش کیا گیا۔ امسال محترمہ امۃ المجیب صاحبہ کے فزکس میں Ph.D کرنے اور دینی اقدار کی غیر معمولی حفاظت پر خوشنودی کا اظہار کرتے ہوئے حضور پر نور نے طلائی تمغہ مرحمت فرمایا۔

1985ء:

3 مئی کو لجنہ اماء اللہ کے نئے دفتر کے سنگ بنیاد کی پہلی تقریب منعقد ہوئی۔ پہلی تقریب میں مرد حضرات شامل تھے اور 4 مئی کی تقریب میں خواتین نے سنگ بنیاد میں حصہ لیا۔

1986ء:

محترمہ سیدہ صدر صاحبہ لجنہ مرکزیہ پہلی مرتبہ انڈونیشیا کے دورے پر تشریف لے گئیں۔

1987ء:

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نے لجنہ ہال کے لئے چندہ کی تحریک فرمائی۔

حضرت سیدہ صدر صاحبہ نے انگلستان، ڈنمارک، نائیجیریا، گھانا اور جرمنی کا دورہ فرمایا۔ مستحق خواتین کو کام سکھانے کے لئے سلائی کا ایک شعبہ قائم کیا گیا۔

1988ء:

20 فروری کو لجنہ اماء اللہ کے ہال کی بنیاد رکھی گئی۔

1989ء:

صد سالہ جشن تشکر کی تقریبات کی تیاری پورے زور وشور سے کی گئی۔ لڑکیوں کی ٹیم نے رات دن دفتر لجنہ کی تزئین و آرائش اور دوسرے پروگرام کی تیاری کی۔ حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کا پیغام موصول ہوا جسے تمام خواتین تک پہنچانے کا انتظام کیا گیا۔

☆23 مارچ کے بعد مختلف مقامات پر مختلف اوقات میں جشن صد سالہ کی تقریبات منائی گئیں۔ مصباح کے خاص نمبر اور مجلّہ کی اشاعت کا انتظام کیا گیا۔

☆4 اپریل 1989ء کو دفتر لجنہ ربوہ کا سنگ بنیاد رکھنے کی تقریب عمل میں آئی۔ مردوں اور عورتوں کی الگ الگ تقریب ہوئی۔ دعا کے بعد مٹھائی تقسیم کی گئی۔

(بحوالہ مجلّہ صد سالہ جشن تشکر)

درخت لگانے کی اہمیت

سعید فطرت صاحب

اللہ تعالیٰ نے ہمارے ملک کو بہت سی نعمتوں سے نوازا ہوا ہے کہیں نمک کے نہ ختم ہونے والے خزانے ہیں تو کہیں ہمارے ملک کی پیاری زمین سے گیس کے بیش قیمت ذخیرے برآمد ہو رہے ہیں عظیم پہاڑی سلسلوں کے ساتھ ساتھ وسیع وعریض رقبے پر پھیلے ہوئے صحرا عقل کو ورطہ حیرت میں ڈال دیتے ہیں بہترین زراعت کے ساتھ ساتھ گھنے سایہ دار جنگل اور کھیت لہلہاتے نظر آتے ہیں ان نعمتوں کو جو ہم پر اللہ تعالیٰ نے مختلف رنگوں میں نازل کی ہیں موسموں کے ساتھ بہت تعلق ہے موسموں کا آگے پیچھے آنا ادلنا بدلنا گرمی، سردی، برسات اور بہار چاروں موسم انسانیت کے لئے اپنے اندر کئی فوائد لئے ہوئے ہیں وہ ممالک جہاں نسبتاً ایک ہی موسم پورا سال رہتا ہے ایسے ممالک کے لوگوں کے لئے پاکستان کے موسم نعمت غیر مترقبہ سے کم نہیں عام طور پر ہمارے لوگ بہار کے موسم کو پھول پھل لانے کا موسم شمار کرتے ہیں اور برسات کو بارشوں کا موسم قرار دیا جاتا ہے بارش مولا کریم کی وہ عظیم نعمت ہے جس کے بغیر زمین پر زندگی کا وجود خطرے میں پڑسکتا ہے بارش چرند پرند اور سبھی کو برابر سیراب کرتی ہے اس لئے تو اس کی ضرورت ہر موسم میں محسوس کی جاتی ہے لیکن ساون کی بارش جہاں گرمی کی شدت توڑ کر موسم میں تبدیلی کا باعث بنتی ہے وہاں فضا میں ہلکی ہلکی خنکی بھی چھوڑ جاتی ہے۔ تبھی تو ایسے موسم میں اگر شدید دھوپ بھی ہو تو بھی ہلکا سا محسوس ہونے والا ہوا کا جھونکا انسان کو اس طرح چھو کر جاتا ہے کہ انسان خوش ہو جاتا ہے۔ اس موسم میں کسان کی جہاں فصل ہری بھری نظر آتی ہے وہاں اس کا چہرہ بھی شاداب اور چمکتا ہوا نظر آتا ہے جانور بھی خوش ہوتے ہیں پودے بھی خصوصاً خودرو گھاس پر عجیب مستی اور عالم شباب کا سماں نظر آتا ہے۔ اس موسم کی بارش میں اتنی برکت ہوتی ہے کہ ایک نسبتاً خشک ٹہنی جس میں زندگی کی تھوڑی سی رمق بھی موجود ہو اسے بھی اگر زمین میں گاڑ دیا جائے تو یہ موسم ختم ہوتے ہوتے ایک ننھا منا پودا اپنے سر پر اٹھائے ہوئے عجیب وغریب انداز میں کھڑی ہوتی ہے اور اگلی برسات آنے تک ہر خشک ٹہنی ایک مضبوط درخت کے تنے کی حیثیت اختیار کر لیتی ہے اس لئے کوشش کر کے اس موسم میں درخت لگانے کا ثواب حاصل کرنا چاہیئے زمیندار لوگوں کو تو ضرور بارش سے فائدہ اٹھاتے ہوئے مختلف اقسام کے پودے لگانے چاہیئے۔ ہم میں سے اگر ہر کوئی ایک پودا لگائے تو جہاں ہماری زمین ہمارے لئے تازہ ماحول فراہم کر سکتی وہاں لکڑی کی بڑھتی ہوئی ضروریات بھی پوری کر سکتی ہے۔ درخت زمین کے پھیپھڑے ہیں ماحول کی خوبصورتی اور لگانے والوں کے لئے صدقہ جاریہ ہیں۔ بظاہر تو ہر درخت ہی انسانی زندگی پر خوشگوار اثر مرتب کرتا ہے تاہم کچھ درخت انسان کے لئے غیر معمولی اہمیت کے حامل ہوتے ہیں مثلاً نیم کا درخت ہے اس کی جڑ پتے لکڑی اور چھال سبھی انسانی زندگی کے لئے بے پناہ اہمیت کے حامل ہیں۔ زمیندار لوگوں کو چاہیئے کہ وہ اپنی زمین کے آخری کناروں پر یعنی تمام زمین کے گرد اس درخت کو تجارتی پیمانے پر کاشت کریں اس سے آپ کو دوسرے درختوں کی نسبت یقیناً زیادہ فائدہ حاصل ہوسکتا ہے اس کی وجہ یہ ہے کہ اس کی یہ لکڑی عمارتی کام کے لئے اپنا جواب نہیں رکھتی۔

نیم کا درخت دوسرے درختوں کی نسبت کچھ زیادہ دیر میں تیار ہوتا ہے اور تیار ہونے کے لئے کچھ زیادہ وقت مانگتا ہے لیکن جب بھرپور تیار ہو جاتا ہے تو اس کی قیمت اس کے اپنے وزن کے برابر کی کالی شیشم کی لکڑی سے بھی زیادہ ہوتی اور ٹاہلی کا کالی ٹاہلی ہوتے ہوئے بھی ایک وقت لگتا ہے لیکن نیم کا درخت اس وقت سے پہلے تیار ہو جاتا ہے۔

